# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ انٹر نیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ کا 78واں سالانہ اجلاس عام بروز بدھ 7 اکتوبر، 2026 کو صبح 10:30 بجے بمقام بیچ لگژری ہوٹل، آف ایم ٹی خان روڈ، کراچی میں اور بذریعہ ویڈیو کانفرسنگ ،درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

**عمومی کاروبار ۔ مالیاتی اسٹیٹمنٹس**

**1۔** کمپنی کے آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس (غیر مجموعی اور مجموعی) برائے سال مختتمہ 30 جون 2026، مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور ان کو منظور کرنا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223 اور ایس آر(I)/2023 مورخہ 21مارچ 389 اونمبر2023 کے تحت سالانہ رپورٹ مع اجلاس کی اطلاع اور کمپنی کے مالیاتی اسٹیٹمنٹس شئیر ہولڈرز کو ارسال کردیئے گئے ہیں اور کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردیئے گئے ہیں، جو درج ذیل لنک یا کیو آر کوڈ کے ذریعے دیکھے جاسکتے ہیں۔

https://iil.com.pk/en/page/investors/financial-information

**ڈیویڈنڈ**

**2۔** بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 5.0 روپے فی شیئر ٪50 کی بطور حتمی نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر غور کرنا اوراس کی منظوری دینا ، جو ٪20 عبوری نقد ڈیویڈنڈ کے علاوہ ہے جس کا اعلان اور ادائیگی کی جاچکی ہے جس سے مالیاتی سال مختتمہ 30 جون 2026 کے لئے کل ڈیویڈنڈ 7.0 روپے فی شیئر (٪70) بنتا ہے۔

**آڈیٹرز**

**3۔** مالی سال مختتمہ 30 جون 2027 کے لئے کمپنی کے قانونی آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے، اہل ہونے کی بناء پر، خود کو دوبارہ تقرر کے لئے پیش کیا ہے۔جو باہمی متفقہ فیس اور روزمرہ خرچ کی بمطابق اصل ادائیگی پر کی جائے۔

**4۔ خصوصی امور**

**جناب زین کے چنائے کے Office of Profit کے طور پر تقرر کی منظوری**

انٹر نیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ کے منتخب ڈائریکٹر اور بطور کمپنی کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب زین کے چنائے، کے آفس آف پرافٹ پر تقرری کے لئے غور کرنا اور مناسب معلوم ہو تو اس کی منظوری دینا۔ اور اس مقصد کے لئے درج ذیل قرار داد کو بطور عمومی قرار داد پاس کرنا۔

طے پایا کہ جناب زین کے چنائے کو، انٹر نیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ کے ایک منتخب ڈائریکٹر جو کمپنی کے کل وقتی ملازم ہیں، بطور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر کی حیثیت سے آفس آف پرافٹ کا عہدہ سنبھالنے کی منظوری دی جاتی ہے اور ان کی مدت ملازمت کے دوران ان کو ملازمت کے معاہدے اور کمپنی کے ملازمت کے قواعد کے مطابق مشاہرے (بشمول تنخواہ، بونسز، فوائد، مراعات ، الائونسز اور ریٹائر منٹ کے فوائد)کی ادائیگی کی جائے گی۔

**5۔ ایسوسی ایٹڈ کمپنی، چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں اپنے شیئرز کی واپس فروخت کی منظوری**

بورڈ آف کمپنی کی سفارشات پر درج ذیل خصوصی قرارداد (قراردادوں) پر کمپنیز ایکٹ 2017 کے لاگو سیکشن(ز) کے تحت غور کرنا اور اگر مناسب ہوا تو بلا ترمیم (ترمیمات)، اضافہ (اضافہ جات) یا حذف (احذاف) منظور کرنا۔

طے پایا کہ تمام لاگو قوانین، ضوابط اور مطلوبہ ضابطوں کی منظوریوں سے مشروط، کمپنی کو اختیار حاصل ہے اور ہوگا کہ وہ ایسوسی ایٹڈ کمپنی چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ ("سی ای سی ایل") کی جانب سے انٹر نیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ("آئی آئی ایل ") کے پاس موجود 10 روپے فی شیئر والے 4،845،000 (چار ملین آٹھ سو پنتالیس ہزار) شیئرز کی 72.24 روپے فی شیئر کے حساب سے واپس خریداری کی پیشکش کو منظور کرنے کی مجاز ہے۔ جس کی کل رقم 350،000،000 (پاکستانی تین سو پچاس ملین روپے صرف) بنتی ہے اور یہ سی ای سی ایل کے ادا "شدہ سرمائے میں آئی آئی ایل کے کل ٪17 شیئر ہولڈنگ کو ظاہر کرتا ہے

مزید طے پایا کہ انٹرنیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکرٹری یا کوئی فرد (افراد) جو کمپنی کی طرف سے مجاز ہوں ، مشترکہ طور پر یا انفرادی حیثیت میں بااختیار ہوں، ایسی تمام کارروائیاں انجام دے اور ایسی تمام دستاویزات کی تکمیل کرے گا اور فراہم کرے گا اور تمام ایسے کام، کاوش اور امور

کی انجام دہی کرے گا جو مذکورہ بالا قرارداد کو موثر بنانے کے لئے ضروری، مناسب یا اتفاقیہ طور پر درکار ہوں اور لین دین بشمول لامحدود تمام مطلوبہ درخواستیں، فائلنگ، سیکورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("ایس سی سی پی")، پاکستان اسٹاک ایکسچینج ("پی ایس ایکس") اور / یا کسی اور اتھارٹی کے پاس جمع کرانی ہوں یا ظاہر کرنی ہوں اور ضوابط یا معاہدے کی رو سے درکار ہوں، سب کی انجام دہی کرے۔

مزید طے پایا کہ درج بالا قرارداد کسی ترمیمات، تجدید، اضافے یا حذف کرنے، جیسی بھی تجویز ہو یا ہدایت ہو یا ایس ای سی پی یا کسی دوسرے ضوابط کے ادارے کو مطلوب ہو سے مشروط ہے جو ان خصوصی قراردادوں کا حصہ سمجھی جائیں گی اور اس کے لئے شیئر ہولڈرز سے کسی منظوری کے لئے کسی نئی قرارداد پاس کرانے کی ضرورت نہیں ہے تا آنکہ کوئی بڑا معاملہ نہ ہو۔

## کوئی اور امر

**6۔** چیئرمین کی اجازت سے کسی اور امر کی انجام دہی جو سالانہ اجلاس عام میں کی جاسکتی ہو۔

کمپنیز کے ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت مطلوب معلومات شیئر ہولڈرز کو بھیجے جانے والے سالانہ اجلاس عام کے ساتھ فراہم کی گئی ہیں۔

بحکم بورڈ
انٹرنیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ
ایم۔ عرفان بھٹی
کمپنی سیکرٹری اور ہیڈ آف لیگل افیئرز
کراچی: 20 اگست 2026

## خصوصی کاروبار
## کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت مادی حقائق کا اسٹیٹمنٹ

**ایجنڈا آئٹم 4۔ جناب زین کے چنائے کا آفس آف دی پرافٹ کا عہدہ سنبھالنے کی منظوری**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (i) (سی) (1) 171 کے مطابق شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ جناب زین کے چنائے کو، جو انٹرنیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ کے منتخب ڈائریکٹر ہیں اور کمپنی میں کل وقتی ملازم ہیں، کمپنی کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر کے طور پر آفس آف پرافٹ کی خدمات انجام دینے کی منظوری دیں، جس میں خدمات کے معاہدے اور اور کمپنی کے لاگو ملازمت کے ضوابط کے مطابق ان کی مدت ملازمت میں مشاہرے کی ادائیگی (بشمول تنخواہ، بونسز، فوائد، مراعات، الائونسز اور ریٹائرمنٹ کے فوائد) کی جاسکے۔

**ایجنڈا آئٹم 5۔ ایسو سی ایٹڈ کمپنی چنائے انجنیرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے اپنے شئیرز کی واپس فروخت کی منظوری**

کمپنی ایسو سی ایٹڈ کمپنی چنائے انجنیرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ (سی ای سی ایل) سے اپنے 10 روپے فی شیئر کی مالیت والے 4،845،000 (چار ملین آٹھ سو پینتالیس ہزار) شیئرز کی واپس خریداری کی پیشکش کی منظوری میں دلچسپی رکھتی ہے جو سی ای سی ایل کے ادا شدہ سرمایہ میں انٹرنیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ کی کل 17٪ ہولڈنگ ہے اور 72.24 روپے فی شیئر کے حساب سے کل قیمت فروخت 350،000،000 پاکستانی روپے تین سو پچاس ملین پاکستانی روپے بنتی ہے۔

**پس منظر اور دلائل**

آئی آئی ایل نے اگست 2024 میں چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے 10 روپے فی شیئر کے حساب سے 4،845،000 شیئرز (17٪) خریدے جن کی کل مالیت 48.45 ملین پاکستانی روپے ہے۔ سی ای سی ایل بنیادی طور پر تعمیرات کے شعبہ سے منسلک ہے۔

انتظامیہ نے سی ای سی ایل میں کمپنی کی 17٪ شئیرنگ کو 24۔72 روپے فی شیئر اور مجموعی طور پر 350 ملین روپے میں فروخت طے کی۔ فروخت ہذا سے کمپنی کو 301.55 ملین روپے قبل از ٹیکس کا فائدہ حاصل ہوگا۔ فروخت کی یہ تجویز تمام ضروری قانونی اور اجتماعی منظوریوں سے مشروط ہے۔

لہذا انتظامیہ نے آئی آئی ایل کی تمام 17٪ شئیر ہولڈنگ یعنی سی ای سی ایل کے تمام 4،845،000 شیئرز کو بحساب 72.24 روپے فی شیئر اور مجموعی طور پر 350 ملین روپے میں فروخت کرنے کی سفارش کی ہے جس سے سی ای سی ایل کی تعمیرات سے جڑے موجودہ پروجیکٹ کو ممکنہ طور پر درپیش نقل و حمل کے اضافی اخراجات اور مالی خدشات سے تحفظ حاصل ہوگا۔

**SRO نمبر 2018/(1)423 مورخہ 3 اپریل 2018 کی تفصیلات**

کمپنی کے ایک بڑے حصے کی فروخت یا خاتمے کے سلسلے میں ایکٹ 2017 کے سیکشن 183 کے ذیلی سیکشن (3) کی شق (اے) کے تحت ممبرز کی منظوری سے متعلق خصوصی کاروبار کی کارروائی انجام دی جائے گی مورخہ 3 اپریل 2018 کے ایس آر او 423 (1) / 2018 کے تحت درکار معلومات درج ذیل ہیں

| نمبر شمار | ایس آر او کی تفصیل | کمپنی کی تفصیلات |
|---|---|---|
| 1 | **فروخت کئے جانے، لیز کئے جانے یا ختم کئے جانے والے اثاثہ کی تفصیلات** | |
| اے | اثاثہ جات کا نام اور تفصیلات | چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے 4،845،000 شیئرز |
| بی | اثاثہ جات کے حصول کی تاریخ | 27 اگست، 2024 |
| سی | قیمت | 48.45 ملین پاکستانی روپے |
| ڈی | دوبارہ تعین کردہ قیمت اور تعین کرنے کی تاریخ (اگر قابل ذکر ہے) | لاگو نہیں |
| ای | دفتر میں درج مالیت | 48.45 ملین پاکستانی روپے |
| ایف | موجودہ مارکیٹ کی قیمت / منصفانہ قدر | 350 ملین پاکستانی روپے یا 72.24 فی شیئر |
| جی | فروخت کی صورت میں اگر متوقع قیمت فروخت دفتری قیمت یا مناسب قدر سے کم ہے، تو اس کی وجوہات | قیمت فروخت زیادہ ہے |
| ای | اثاثہ جات کی لیز کی صورت میں، مدت، لیز کا کرایہ، اضافے کی شرح، لیز کے کرائے کے تعین کا طریقہ / بنیاد؛ اور لیز کی دیگر اہم شرائط اور ضوابط | لاگو نہیں |
| آئی | زمین کو فروخت کی صورت میں اضافی معلومات<br>i. جائے وقوعہ<br>ii. زمین کی نوعیت<br>iii. فروخت کئے جانے والا رقبہ | لاگو نہیں |
| 2 | **مذکورہ اثاثہ جات کے فروخت کا مجوزہ طریقہ** | سی ای سی ایل نے اپنے 17٪ شیئرز کو واپس خریدنے کی پیشکش کی ہے۔ کمپنی واپس خریدنے کی پیشکش منظور کرنے کی خواہشمند ہے، جو تمام قانونی اور ضوابط کی منظوری سے مشروط ہے۔ |
| 3 | **اگر کمپنی کسی خریدار کی شناخت کرتی ہے جو متعلقہ پارٹی ہے، تو کیا یہ مادی حقیقت کے بیان میں ظاہر کی جائے گی** | سی ای سی ایل متعلقہ پارٹی ہے اور مادی حقائق کے بیان میں اس کو ظاہر کیا گیا ہے۔ |
| 4 | **شیئرز کی فروخت، لیز یا ڈسپوزل کا مقصد مع درج ذیل تفصیلات** | شیئرز کی فروخت سے خاطر خواہ آمدنی حاصل کرنا نیز بڑھتے ہوئے کاروباری اخراجات اور تعمیرات کے کاروبار سے جڑے مالیاتی خدشات سے تحفظ حاصل کرنا۔ |
| اے | اس لین دین سے حاصل ہونے والے فائدے کا استعمال | کمپنی کی سرمایہ کاری کو مزید بہتر کرنا |
| بی | کمپنی کی آپریشنز کی گنجائش پر کوئی اثر، اگر ہو | کوئی نہیں |
| سی | ممبرز کو حاصل ہونے والے مقدار کے یا معیار کے کوئی فائدے | شیئرز کی فروخت سے خاطر خواہ آمدنی حاصل کرنا نیز بڑھتے ہوئے کاروباری اخراجات اور تعمیرات کے کاروبار سے جڑے مالیاتی خدشات سے تحفظ حاصل کرنا۔ |

مندرجہ بالا خصوصی کاروبار سے متعلق دستاویز کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں موجود ہیں جو اس اطلاع کی اشاعت کی تاریخ سے اجلاس عام کے اختتام تک کسی بھی کام کے دن کاروبار کے اوقات کے دوران میں دیکھے جاسکتے ہیں۔

ڈائریکٹرز کمپنی کے ڈائریکٹر اور شیئر ہولڈر ہونے کے علاوہ درج بالا خصوصی کاروبار میں براہ راست یا بالواسطہ کوئی دلچسپی نہیں رکھتے۔

درج بالا کی روشنی میں کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 20 اگست 2026 کو منعقدہ اپنی میٹنگ میں انتظامیہ کی جانب سے پیش کی جائے والی درج بالا تجویز کی سفارش کی ہے۔

# نوٹس

1۔ اے جی ایم میں بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کی سہولت جو شیئر ہولڈرز ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اجلاس میں شامل ہونے میں دلچسپی رکھتے ہوں، ان سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل معلومات مع عنوان "رجسٹریشن برائے انٹرنیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ اے جی ایم 2026" کے علاوہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی دونوں طرف کی کارآمد کاپی کے ہمراہ اس پتے پر ای میل کریں investors@iil.com.pk

ویڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ان ممبرز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میل تمام مطلوبہ تفصیلات کے ساتھ اے جی ایم کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل وصول ہوں۔

شیئر ہولڈرز اے جی ایم کے ایجنڈا آئٹمز کے لئے اپنا تبصرہ اور سوالات اس ای میل پر بھیج سکتے ہیں investors@iil.com.pk

سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ شرکت کے لئے رجسٹریشن

| | |
|---|---|
| 1 | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ انویسٹرز اکاؤنٹ نمبر / سب اکاؤنٹ نمبر ____________ |
| 2 | شیئر ہولڈر کا نام ____________ |
| 3 | سیل فون نمبر ____________ |
| 4 | ای میل کا پتہ ____________ |
| 5 | اے جی ایم میں شرکت کے استحقاق کے ثبوت کے لئے کتب کی بندش کے پہلے روز اپنے پاس موجود شیئرز کی تعداد ____________ |

## 2۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

ممبرز کا رجسٹر اور شیئر ٹرانسفر بکس 29 ستمبر 2026 سے 7 اکتوبر 2026 تک (دونوں ایام شامل ہیں) سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور اعلان کردہ ڈیویڈنڈ کے استحقاق کا تعین کرنے کے لئے بند رہیں گی۔

## 3۔ اے جی ایم میں شرکت اور پراکسی کا تقرر

اے۔ جو ممبر سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے، وہ کسی دوسرے ممبر کو شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/کر سکتی ہے

بی۔ پراکسی مقرر کرنے کی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا کوئی دوسری اتھارٹی، جس کے تحت اس پر دستخط کئے گئے ہوں یا پاور یا اتھارٹی کی نوٹرائزڈ، سرٹیفائیڈ کاپی کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے جمع کرانا لازمی ہے۔ پراکسی فارم منسلک ہے۔

سی۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر 1 مجریہ 26 جنوری 2000 میں درج رہنما ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی۔

**i سالانہ اجلاس عام کے لئے**

اے) فرد واحد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر کو، جس کی سیکورٹیز اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کے ثبوت کے لئے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) پیش کرنا ہوگا۔

بی) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ فرد کے نمونے کے دستخط پیش کرنا ہوں گے۔ (اگر پہلے نہ فراہم کردیئے گئے ہوں۔)

**ii) پراکسی کے تقرر کے لئے**

اے) فرد واحد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر کو، جس کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی کے ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، درج بالا شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

بی) پراکسی فارم کے ساتھ بینی فیشیل اونرز کے سی این آئی سی کی تصدیق شدہ کاپیاں اور پراکسی پیش کرنا ہوگی۔ پراکسی کو اجلاس میں شرکت کے وقت اصلی سی این آئی سی پیش کرنا ہوگا۔

**4۔لازمی معلومات ۔ ( ای میل، سی این آئی سی، آئی بی اے ان اور زکوٰۃ ڈکلریشن)**

اے) کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 119 اور کمپنیز (جنرل ریگولیشنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن19 کی پیروی میں ممبرز سے درخواست ہے کہ اپنی لازمی معلومات جیسے سی این آئی سی نمبر، تازہ ترین میل کا پتہ، ای میل، رابطہ کا موبائل /ٹیلیفون نمبر اور انٹر نیشنل بینکنگ اکائونٹ نمبر (آئی بی اے این) مع اپنے سی این آئی سی کی کاپی جو ان کے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کرنے اور کسی قانون کی خلاف ورزی سے بچنے کے لئے درکار ہے، فوری طور پر فراہم کریں ورنہ کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈویڈنڈز) ریگولیشن 2017 کے ریگولیشن 6 کی شرط کے مطابق ان کے تمام ڈویڈنڈز روک لئے جائیں گے۔

- فزیکل شیئرز کے لئے یسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو
- سی ڈی ایس شیئرز کے لئے سی ڈی سی انویسٹرز اکائونٹ سروسز یا متعلقہ شریک کو

بی) ممبران سے درخواست ہے کہ زکوٰۃ اینڈ عشر آرڈیننس 1980 برائے زکوٰۃ سے استثنٰی کے مطابق ایک

) ڈکلریشن CZ-50) اور پتہ میں تبدیلی، اگر ہے، کے لئے اطلاع جمع کرائیں۔

**5۔غیر کلیم شدہ ڈویڈنڈز**

ان شیئر ہولڈرز سے، جو کسی بھی وجہ سے اپنے ڈویڈنڈ اور / یا بونس شیئرز کلیم نہ کرسکے ہوں، درخواست ہے کہ وہ اپنے غیر کلیم شدہ ڈویڈنڈز اور / یا بونس شیئرز کے حصول/ کے بارے میں معلومات کے لئے ہمارے شیئر رجسٹرار یسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کریں۔

**6۔ڈویڈنڈ مینڈیٹ**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی رو سے پبلک لسٹڈ کمپنی ہونے کی صورت میں، نقد کی صورت میں قابل ادائیگی ڈویڈنڈ صرف الیکٹرونک ذریعے سے براہ راست اہل شیئر ہوڈرز کی جانب سے مقرر کردہ بینک اکائوٹ میں بھیجا جائے گا۔ لہٰذا اس نوٹس کے ذریعے تمام شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اپنے بینک اکائونٹ نمبر اور دیگر تفصیلات متعلقہ شریک کے ذریعے سنٹرل ڈپازٹری سسٹم میں اپ ڈیٹ (IBAN) کرادیں۔

فزیکل شیئرز کی صورت میں، بینک اکائونٹ کی تفصیلات ہمارے شیئر رجسٹرار، یسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو فراہم کریں۔ برائے مہربانی کسی بھی پریشانی سے بچنے کے لئے اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے کوائف جلد از جلد اپ ڈیٹ ہوجائیں۔ ای ڈویڈنڈ مینڈیٹ فارم منسلک ہے۔

**7۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق تمام موجودہ کمپنیز کے لئے لازمی ہے کہ اپنے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان CSD/ED/Misc./2016-639-640 نے اپنے سرکلر نمبر مورخہ 26 مارچ 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ اپنے ایسے ممبران کو، جن کے شیئرز ابھی تک فزیکل فارم میں ہیں، ترغیب دیں کہ وہ انہیں بک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔

لہذا ہم انٹر نیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ کے تمام ایسے ممبران سے، جن کے شیئرز فزیکل فارم میں ہیں، درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنے شیئرز جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔ ان کو یہ بھی تجویز دی جاتی ہے کہ فزیکل شیئرز کے بک انٹری فارم میں تبدیلی کی سہولت کے لئے سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان یا پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے کسی فعال ممبر/ اسٹاک بروکر سے رابطہ کریں۔

ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شیئرز کے بک انٹری فارم میں ہونے کے کئی فائدے :ہیں، جن میں درج ذیل اور مزید بھی ہیں

- شیئرز کی محفوظ اور باسہولت تحویل
- بآسانی تجارت اور آسان منتقلی
- گم ہوجانے ، نقصان پہنچنے یا چوری کا کوئی خدشہ نہیں
- بک انٹری فارم میں ہونے کی صورت میں شیئر کے ٹرانسفر کرنے پر کوئی اسٹیمپ ڈیوٹی نہیں۔
- بونس یا رائٹ شیئرز کی بلا رکاوٹ کریڈٹ

ہم کمپنی کے ممبران کو ایک مرتبہ پھر پرزور ہدایت کرتے ہیں کہ وہ اپنے مفاد میں اپنے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔

## 8۔ فائلر اور نان فائلر کا درجہ

i. حکومت پاکستان کے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے فنانس ایکٹ 2026 کے مطابق کمپنیز کی جانب سے دیئے جانے والے ڈیویڈنڈ پر درج ذیل شرح سے ودہولڈنگ ٹیکس کا نفاذ کیا ہے:

اے) انکم ٹیکس ریٹرنز کے فائلرز کے لئے 15٪

بی) انکم ٹیکس ریٹنز کے نان فائلرز کے لئے 30٪

وہ ممبرز جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ کی ایکٹیو ٹیکس پئیر لسٹ (اے ٹی ایل) میں درج نہیں ہیں، باوجود اس کے کہ وہ فائلرز ہیں، ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مستقبل میں ڈیویڈنڈز پر زیادہ ٹیکس کی کٹوتی سے بچنے کے لئے اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام اے ٹی ایل میں شامل ہیں۔

ii. کسی بھی استفسار / مسئلے / معلومات کے لئے شئیر رجسٹرار سے درج ذیل فون نمبر یا ای میل کے پتے پر رابطہ کریں میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی۔
کسٹمرز سپورٹ سروس نمبرز 080023275-92+
ای میل info@cdcsrsl.com

iii. سی ڈی سی اکاؤنٹ رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو اپنے متعلقہ شرکاء کے پاس اپنا قومی ٹیکس نمبر (این ٹی این) اپ ڈیٹ رکھنا چاہئیے، جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی شیئر رجسٹرار یعنی میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو بھیجنی ہوگی۔ این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹس بھیجتے وقت، جو بھی صورت ہو، شیئر ہولڈرز کو کمپنی کا نام اور اپنا متعلقہ فولیو نمبر درج کرنا لازمی ہے۔

## 9۔ خصوصی کاروبار کے لئے پولنگ

ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 (دی "ریگولیشنز") کی پیروی میں ایس ای سی پی نے تمام لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ تمام ممبران کو ایسے تمام کاروباروں پر، جو خصوصی کاروبار کے زمرے میں آتے ہیں، الیکٹرونک ووٹنگ اور بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کا حق استعمال کرنے کی اجازت دیں۔
اس کے مطابق 7 اکتوبر 2026 کو منعقد ہونے والے آئندہ اجلاس عام میں کمپنی کے ممبرز کو خصوصی کاروبار کے لئے الیکٹرونک ووٹنگ کی سہولت یا بذریعہ ڈاک ووٹنگ کی سہولت سے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی جو ضروریات کے مطابق اور مذکورہ ضوابط میں دی گئی شرائط سے مشروط ہے۔

### A. ای ووٹنگ کا طریقہ کار

i. ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات 29 ستمبر 2026 سے کمپنی کے ان ممبرز کو. بذریعہ ای میل ارسال کی جائیں گی جن کے اپنے کارآمد سی این آئی سی نمبر، سیل نمبر اور ای میل کا پتہ کمپنی کے ممبرز کے رجسٹر میں 28 ستمبر 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام پر دستیاب ہوگا۔

ii. ممبرز کو ویب کا پتہ، لاگ ان کی تفصیلات اور پاس ورڈ ای میل کے ذریعے ارسال کیا
جائے گا۔ ممبرز کو سیکورٹی کوڈ سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (بطور ای سروس پرووائیڈر) کے پورٹل سے بذریعہ ایس ایم ایس فراہم کئے جائیں گے۔

iii. ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ کاسٹ کرنے والے ممبران کی شناخت الیکٹرونک دستخط یا لاگ ان
کے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

iv. ای ووٹنگ کی لائنز 4 اکتوبر 2026 سے دستیاب ہوں گی اور 6 اکتوبر 2026 کو شام 5:00 بجے بند ہوجائیں گی ۔ ممبران اس مدت کے دوران میں کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کرسکتے ہیں۔
ممبران کو قرارداد پر ایک مرتبہ کاسٹ کئے گئے ووٹ کے بعد دوبارہ تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

### B۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ ء کار

ممبران اطمینان کرلیں کہ مکمل پر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر مع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) 6 اکتوبر 2026 کو شام 5 بجے سے پہلے کاروباری اوقات میں میٹنگ کے چیئرمین کو کمپنی کے رجسٹرڈ پتے 101 بیومونٹ پلازہ، 10 بیومونٹ روڈ، کراچی پر یا بذریعہ ای میل chairman@iil.com.pk پر مل جانی چاہیے۔ بیلٹ پیپر پر کئے گئے دستخط سی این آئی سی پر کئے گئے دستخط سے ملنا ضروری ہے۔

## 10۔ جانچ کار کے بارے میں معلومات

کمپنیز(پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز2018 کے ضوابط (4)4 اور 11 کے مطابق اگلے یعنی
7 اکتوبر 2026 کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام کے جانچ کار بارے میں
درج ذیل معلومات فرااہم کی جارہی ہیں

| | |
|---|---|
| جانچ کار کا نام | میسرز یو ایچ وائی حسن نعیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس |
| قابلیت اور تجربہ | انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کی جاری کردہ کیو سی آر لسٹ میں شامل ہیں۔آئی سی اے پی کے تجربہ کار اور پختہ کار ممبرز میں ریٹنگھوتے ہیں اور انفرادی طور پر 15 سے 33 سال کا تجربہ رکھتے ہیں۔ یو ایچ وائی کو کمپنیز(پوسٹ بیلٹ) ریگولیشن 2018 کے تجت جانچ کار مقرر کیا گیا ہے۔ یہ ریگولیشنز میں دی گئی تمام شرائط پر پورا اترتے ہیں اور ووٹنگ کے طریقہ ء کار کی خود مختارانہ جانچ کے لئے ضروری علم اور تجربہ رکھتے ہیں۔ |
| تقرر کرنے کا مقصد | کمپنی کو اجلاس عام میں ووٹنگ کے جانچ کار کا تقرر کرنا لازمی ہے جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 میں درج ہے، جس کا مقصد ایسوسی ایٹڈ کمپنی چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو سے اس کے اپنے شیئرز کی واپس فروخت کے لئے شیئر ہولڈرز کی منظوری کی قرار داد پر ووٹنگ کی جانچ ہو سکے۔ اس لئے جانچ کار کے تقرر کا مقصد یہ جانچ کرنا ہے کہ ووٹنگ کا طریقہ ء کار اطمینان بخش ہے نیز مناسب احتیاطی اقدام کو یقینی بنایا گیا ہے اور ریگولیشن 11اے کے مطابق رپورٹ کردی گئی ہے۔ |

# POSTAL BALLOT PAPER

for voting through post for the Special Business at the Annual General Meeting to be held on Wednesday, October 7, 2026 at 10.30 a.m. at the Beach Luxury Hotel, Off: M.T. Khan Road, Karachi.

| | |
|---|---|
| Folio / CDS Account Number | |
| Name of Shareholder / Proxy Holder | |
| Registered Address | |
| Number of shares Held | |
| CNIC/Passport No. (in case of foreigner) (copy to be attached) | |
| Additional information and enclosures (in case of representative of body corporate, corporation, and federal Government) | |
| Name of Authorized Signatory | |
| CNIC/Passport No. (in case of foreigner) of Authorized Signatory (copy to be attached) | |

## Resolution For Agenda Item No. 4

"**RESOLVED THAT** approval be and is hereby granted to Mr. Zain K. Chinoy, an elected Director of the International Industries Limited, who is in full time employment with the Company, for holding an office of profit as Executive Director of the Company and the payment of remuneration to him for his period of service in accordance with his contract of service and the applicable service rules of the Company (including without limitation salary, bonuses, incentives, perquisites, allowances and retirement benefits)".

## Resolution For Agenda Item No. 5

"**RESOLVED THAT** subject to compliance with all applicable laws, regulations and requisite regulatory approvals, the Company be and is hereby authorized to accept the offer of Chinoy Engineering & Construction (Private) Limited ("CECL"), an associated company, for the buy-back of 4,845,000 (Four Million Eight Hundred Forty-Five Thousand) ordinary shares of PKR 10 each held by International Industries Limited ("IIL"), representing IIL's entire 17% shareholding in the paid-up capital of CECL, at a price of PKR 72.24 per share, for an aggregate consideration of PKR 350,000,000 (Pakistani Rupees Three Hundred Fifty Million only).

**FURTHER RESOLVED THAT** the Chief Executive Officer, Chief Financial Officer and Company Secretary of International Industries Limited, or any person(s) authorized by any of them, be and are hereby jointly and severally authorized and empowered, for and on behalf of the Company, to take all such actions, execute and deliver all such documents, and do all such acts, deeds and things as may be necessary, expedient or incidental to give effect to the foregoing resolution and complete the transaction, including, without limitation, making all requisite applications, filings, submissions and disclosures with the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP"), Pakistan Stock Exchange Limited ("PSX") and/or any other authority, and obtaining all regulatory, contractual or third-party approvals, consents or permissions as may be required under applicable laws, regulations or agreements.

**FURTHER RESOLVED THAT** the aforesaid resolutions shall be subject to any amendments, modifications, additions, or deletions as may be suggested, directed, or required by the SECP or any other regulatory body, which changes shall be deemed to be part of these special resolutions without the need of the shareholders to pass fresh resolutions unless the same is substantial.

## INSTRUCTIONS FOR POLL

**Instructions For Poll**

1. Please indicate your vote by ticking (✓) the relevant box.
2. In case if both the boxes are marked as (✓), your poll shall be treated as "Rejected".

I/we hereby exercise my/our vote in respect of the above resolution through ballot by conveying my/our assent or dissent to the resolution by placing tick (✓) mark in the appropriate box below;

| Resolution | I/We approve to the Resolution (FOR) | I/We dissent to the Resolution(AGAINST) |
|---|---|---|
| Resolution For Agenda Item No. 4 | | |
| Resolution For Agenda Item No. 5 | | |

**NOTES:**

1. Dully filled ballot paper should be sent to the Chairman at 101, Beaumont Plaza, 10 Beaumont Road, Karachi or email at investors@iil.com.pk
2. Copy of CNIC/ Passport (in case of foreigner) should be enclosed with the postal ballot form.
3. Ballot paper should reach the Chairman within working hours by or before Tuesday, October 6, 2026. Any postal ballot received after this date, will not be considered for voting.
4. Signature on ballot paper should match with signature on CNIC/ Passport (In case of foreigner).
5. Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, over written poll paper will be rejected.
6. In case of a representative of a body corporate, corporation or Federal Government, the Ballot Paper Form must be accompanied by a copy of the CNIC of an authorized person, an attested copy of Board Resolution, / Power of Attorney, / Authorization Letter etc., in accordance with Section(s) 138 or 139 of the Companies Act, 2017 as applicable.
7. Ballot Paper form has also been placed on the website of the Company at: www.iil.com.pk Members may download the ballot paper from the website.

Shareholder / Proxy holder Signature/Authorized Signatory
(In case of corporate entity, please affix company stamp)

Date_____________